6 منصب اور کارِ منصب
STATUS AND ROLE

اس باب میں آپ جانیں گے:

- منصب اور کارِ منصب کا تعارف و تعریف
- منصب کی اقسام اور اس کی خصوصیات
- کارِ منصب کا تصادم اور اس کی وجوہات و حل
- پاکستانی معاشرہ کی روشنی میں منصب اور کارِ منصب کا تنقیدی جائزہ

معاشرے میں کسی فرد کو معزز سمجھا جاتا ہے اور کسی کو گھٹیا۔ کسی فرد کو اپنے محلے میں زیادہ عزت حاصل ہوتی ہے جبکہ دوسرے محلوں میں اسے کوئی جانتا بھی نہیں۔ خاندان میں باپ کا رتبہ دیگر تمام افراد سے بلند ہے۔ استاد کا مقام شاگردوں سے بالاتر ہے۔ ایک دیانتدار اور محنتی فرد کو غیر دیانتدار اور کاہل پر ترجیح دی جاتی ہے۔ اسی طرح معاشرے میں افراد کے مراتب ایک دوسرے سے مختلف پائے جاتے ہیں۔ بڑے کا مقام چھوٹے پر مرد کا عورت پر اور تعلیم یافتہ کا ناخواندہ پر بلند تصور کیا جاتا ہے۔ جب کوئی فرد معاشرے میں کوئی مرتبہ حاصل کرتا ہے یہ اس کا منصب کہلاتا ہے۔

منصب
(The Status)

لفظی معانی:

لفظ Status (منصب) لاطینی زبان کے ایک لفظ status سے لیا گیا ہے جس کے معنی مقام یا مرتبہ کے ہیں۔

تعریف (Definition):

"منصب وہ نمایاں مقام ہے جو معاشرہ کسی فرد کو اس کی گروہی زندگی میں عطا کرتا ہے۔
منصب اصل میں حقوق و فرائض کے مجموعے کا نام ہے۔

شیفر اور لیم (Schaefer & Lamm) کے مطابق:

"منصب سے مراد معاشرہ یا گروہ میں مانی ہوئی تمام حیثیتوں کے مجموعہ کا نام ہے۔"

فیئر چائلڈ (Fairchild) کے بقول:

"منصب دراصل معاشرتی رتبہ کا نام ہے جو گروہ یا معاشرہ کسی فرد کو عطا کرتا ہے۔"
"Status is the name of social position which individual attains in a group or society".

جیسا کہ نیچے تصویروں میں مختلف مناصب سے تعلق رکھنے والے افراد کی اہمیت کی ترتیب سے دکھایا گیا ہے۔ جس میں ان سے اعلیٰ درجہ پر جج کا عہدہ ہے اس کے بعد استاد پھر ڈاکیا، طالب علم اور آخر میں خاکروب کا منصب آتا ہے۔

منصب کی اقسام
(Types of Status)

منصب اور کار منصب کی دو قسمیں ہیں۔

(i) عطا شدہ منصب

(ii) اکتسابی منصب۔

ا۔ عطاشدہ یا نسبی منصب (Ascribed Status):

تعریف (Definition):

کیا آپ جانتے ہیں؟

گورا یا کالا رنگ ہونا نسبی منصب ہے۔

اسے حاصل شدہ یا نسبی منصب بھی کہتے ہیں۔ یہ وہ منصب ہے جو پیدائشی طور پر کسی فرد کو خود بخود حاصل ہوتا ہے۔ فرد اس کے حصول کے لئے کوئی کوشش نہیں کرتا۔

اس میں اس کا حسب و نسب، ذات، مذہب، جنس یعنی مرد یا عورت اور اس کی عمر شامل ہیں۔ یہ وہ مناصب ہیں جو خود بخود اس کی زندگی کے ساتھ ہیں۔ ان کے لئے فرد کو کوئی محنت نہیں کرنی پڑتی۔ نیز یہ منصب ناقابل تردید و ناقابل انکار ہیں۔ اور مستقل ہیں۔

www.downloadclassnotes.com

مثالیں:

ذات، رنگ، عمر، جنس، نسل وغیرہ

نسبی منصب کی خصوصیات:

(i) نسبی منصب پیدائشی ہوتا ہے۔
(ii) نسبی منصب تاحیات قائم رہتا ہے۔
(iii) اس کے حصول کے لیے وسائل اور محنت درکار نہیں ہوتی۔
(iv) نسبی منصب دیہی معاشروں میں زیادہ اہم ہوتا ہے۔
(v) نسبی منصب تبدیل نہیں ہوتا۔
(vi) نسبی منصب کا دائرہ اثر محدود ہوتا ہے۔

۲۔ اکتسابی یا حاصل کردہ منصب (Achieved Status):

تعریف (Definition):

اسے حاصل کردہ یا تحصیلی منصب بھی کہتے ہیں اس کے حصول کے لئے فرد کو خاص صلاحیتوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ انفرادی صلاحیتوں اور محنت کی بناء پر ہر فرد کو اکتسابی یا تحصیلی منصب حاصل ہوتا ہے۔

ایک طالب علم ایف۔ اے' بی۔ اے میں فرسٹ ڈویژن لے کر پاس ہوتا ہے ایک تھرڈ ڈویژن میں اور ایک فیل ہو جاتا ہے۔ تینوں ایک ہی کلاس کے طلباء تھے۔ ان کے تحصیلی منصب ایک دوسرے سے مختلف ہیں کیونکہ تینوں نے جیسی جیسی محنت کی اور جس قدر ان میں صلاحیت تھی۔ اسی طرح ان کے نتائج نکلے۔ اور ویسے ہی معاشرتی رتبے انہوں نے حاصل کئے۔

مثالیں:

عہدہ، رتبہ، سند، میڈل، ڈگری، انعام، ایوارڈ وغیرہ۔

اکتسابی منصب کی خصوصیات:

(i) اکتسابی منصب فرد کو اس کی پیدائش پر نہیں ملتا بلکہ اسے محنت اور دیگر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے حاصل ہوتا ہے۔
(ii) اس منصب کے حصول کے لئے جدوجہد کرنا پڑتی ہے۔
(iii) جدید و شہری معاشروں میں اس منصب کی اہمیت زیادہ ہوتی ہے۔

(iv) اکتسابی منصب کارکردگی کی بنیاد پر تبدیل ہوتا ہے۔

(v) اکتسابی منصب کا دائرہ اثر بہت وسیع ہوتا ہے۔

خاصیت	عطاشدہ منصب	اکتسابی منصب
حصول	پیدائشی یا وراثتی	محنت و صلاحیت
دورانیہ	تاحیات یا مستقل	قابل تغیر اور تبدیل
اہمیت	دیہی و روایتی معاشرہ	جدید و شہری معاشرہ
دائرہ اثر	محدود	وسیع ولامحدود

کارِ منصب
(The Role)

منصب کی عملی شکل کا نام کار منصب ہے۔ جب کوئی فرد اپنے منصب کے مطابق کوئی فرض انجام دیتا ہے تو وہ اپنا کار منصب انجام دیتا ہے۔ کار منصب اصل میں فرض کی ادائیگی ہے یعنی اپنی ڈیوٹی کو انجام دیتا ہے۔ پس منصب کے مطابق اپنے فرض کی ادائیگی کار منصب کہلاتی ہے۔ معاشرتی توقع کے مطابق کردار انجام دینا کار منصب ہے۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> ایسا منصب جو فرد کی معاشرہ میں شناخت کا ذریعہ ہو اور اس کے تمام مناصب میں سب سے اہم ہو، اسے نمایاں منصب (Master Status) کہتے ہیں۔

تعریف (Definition):

شیفر اور لیم (Schaefer & Lamm) کے مطابق:

"کسی منصب سے منسوب کی گئی معاشرتی امیدوں کا نام کار منصب ہے۔"

"Social expectations attached with social status is called role."

بروم اینڈ سلیزنک (Broom & Selzenick) کے مطابق:

"کرداری نمونے جو کسی خاص منصب کے ساتھ جڑے ہوتے ہیں ان کو کار منصب کہا جاتا ہے۔"

اس کے متضاد کہنا درست ہے کہ جس طرح کوئی فرد کوئی فرض یا کام انجام دیتا ہے۔ اسی طرح اسی گروہ میں اس کا منصب قائم ہوتا ہے جس میں اس نے کار منصب انجام دیا۔ یعنی فرد کے کردار کے مطابق اس کا منصب مقرر ہوتا ہے۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> ہر شخص کا کوئی نہ کوئی منصب ضرور ہوتا ہے۔ بے روزگار ہونا بھی ایک منصب ہے۔

www.downloadclassnotes.com

اور فرد کا کردار جسے کار منصب کہتے ہیں کے مطابق فرد کا منصب ہوتا ہے۔ یعنی منصب اور کار منصب دونوں ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں۔ معاشرے میں معمولات کی توقعات کے مطابق کردار انجام دینا کار منصب کہلاتا ہے۔

منصب اور کارِ منصب کا تعلق
(Relationship between Status and Role)

منصب اور کار منصب دونوں ایک دوسرے سے اس طرح وابستہ ہیں۔ جیسے ایک ورق کے دو صفحات، یعنی دونوں کسی طرح بھی ایک دوسرے سے جدا نہیں کئے جاسکتے۔ منصب کا تعین فرد کے کار منصب کی بنا پر ہوتا ہے جس طرح اس کا کردار ہوتا ہے لوگ اسی طرح اسے پکارتے ہیں اور ویسا ہی منصب عطا کرتے ہیں۔ یعنی جب بھی منصب تبدیل ہوگا تو کار منصب بھی تبدیل ہوگا اور جب کار منصب بدلے گا تو یقیناً منصب بھی بدلے گا۔ ایک فرد جو کسی جرم کی سزا جیل میں بھگت چکا ہے۔ محلے کے لوگ جو اسے جانتے ہیں مشکوک نگاہوں سے دیکھتے ہیں اور اس کے کار منصب کی نگرانی کرتے ہیں۔ اسے عام شریف آدمی کی طرح معزز نہیں سمجھا جاتا کیونکہ معاشرتی معمولات کی خلاف ورزی میں اسے سزا دی جاچکی ہے۔ پس فرد کے کردار کی وجہ سے اس کا منصب بھی متاثر ہوتا ہے۔ اسی طرح فرد جو لوگوں کی بھلائی یا خدمات میں نمایاں حصہ لیتا ہے اسے زیادہ معزز جانا جاتا ہے۔ یعنی اس کے اچھے کردار کی وجہ سے اس کا منصب بھی بلند ہوگیا۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

ہم سب مختلف موقعوں پر تصادم کار منصب کا شکار ہوتے ہیں۔

منصب کی تعریف میں حقوق و فرائض دونوں کو جمع کیا گیا ہے۔ جبکہ حقوق کو منصب اور فرائض کو کار منصب کہا گیا ہے۔ پس معلوم ہوا کہ منصب اور کار منصب دونوں ہر فرد میں موجود ہیں۔

کار منصب کا تصادم
(Role Conflict)

فرد بہت سے کارہائے منصب ایک ہی موقع پر انجام دیتا ہے۔ بہت سے گروہوں میں وہ شرکت کرتا ہے۔ ہر گروہ کے معمولات ایک دوسرے سے مختلف ہوتے ہیں۔ کوئی فرد کسی ترقی یافتہ معاشرے میں رہتا ہے معاشرتی ترقی کی بناء پر اس کے کارہائے منصب میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ کارہائے منصب بڑھتے ہیں اور رتبہ بھی بلند ہوتا ہے تو بہت سے کارہائے منصب ایک ہی موقع پر جمع ہونے سے فرد میں فیصلہ کرنے کی صلاحیتیں آپس میں ٹکرا جاتی ہیں۔ وہ یہ فیصلہ نہیں کرسکتا کہ کونسا

www.downloadclassnotes.com

کام پہلے کرے اور کون سا بعد میں۔ کس کام کو کرے اور کس کو چھوڑ دے۔ کارہائے منصب کے انتخاب میں فیصلہ کرنے کی صلاحیت نہ ہونا کار منصب کا تصادم کہلاتا ہے۔

> **کیا آپ جانتے ہیں؟**
> ایک منصب کے کئی کار منصب ہو سکتے ہیں۔

تعریف (Definition):

شیفر اور لیم (Schaeffer & Lamm) کے مطابق:

"جب فرد اپنے مختلف مناصب کے متضاد متوقع کرداری نمونوں کی بناء پر الجھن کا شکار ہو جائے اور کسی ایک منصب کے تقاضوں کو بخوبی پورا کرنے سے قاصر رہ جائے تو ایسی حالت کو تصادم کار منصب کہتے ہیں۔"

ایک اور تعریف میں:

"جب کئی کارہائے منصب ایک دوسرے کے خلاف ہوں ان میں باہمی تضاد فرد کے ذہن میں الجھن پیدا کرے اور وہ ان کو کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ نہیں کر پاتا تو اسے کار منصب کا تصادم کہتے ہیں۔"

کارِ منصب میں تصادم کی وجوہات
(Causes of Role Conflict)

تصادم کار منصب کسی جرم کا نام نہیں بلکہ یہ ایک فطری چیز ہے جو کہ ہر انسان زندگی میں مختلف مواقعوں پر محسوس کرتا ہے اور اس کیفیت سے دوچار ہوتا ہے۔ اس کی بنیادی وجوہات درج ذیل ہیں:

۱۔ معاشرتی تغیر و بلدیاتی زندگی:

صنعتی، تعلیمی اور بلدیاتی ترقی کے ساتھ معاشرتی تغیر واقع ہوتا ہے جس سے فرد کے کارہائے منصب میں اضافہ ہوتا ہے جن میں اکثر ایک دوسرے کے متضاد ہوتے ہیں جس سے کار منصب کا تصادم پیدا ہوتا ہے۔ فرد اپنے ارد گرد کے مختلف گروہوں میں شرکت کرتا ہے جس سے اس کے کارہائے منصب کی تعداد بھی بڑھتی ہے۔

۲۔ معاشرتی تربیت:

فرد کی زندگی میں کامیابی یا ناکامی میں اس کی تربیت کا بڑا عمل دخل ہوتا ہے اگر انسان کی تربیت مثبت ماحول میں ہوئی ہو تو وہ ایک اچھا اور کامیاب شہری بنتا ہے اس کے برعکس اگر فرد کی تربیت میں کوئی خلاء رہ جائے والدین اور خاندان کے بزرگ اپنا کردار فرد کی تربیت میں موثر انداز میں انجام نہ

www.downloadclassnotes.com

دے پائیں تو فرد کی شخصیت نامکمل رہ جاتی ہے جس کی وجہ سے اس میں خامیاں جنم لیتی ہیں اور وہ پیچیدہ معاشرتی زندگی میں مطابقت نہیں رکھ سکتا اور وہ اکثر تصادم کار منصب کا شکار رہتا ہے۔

۳۔ نئی اقدار:

معاشی و ثقافتی تبدیلیاں معاشرہ میں نئی اقدار کو جنم دیتی ہیں جس کی وجہ سے فرد ہر وقت اس کشمکش میں مبتلا ہوتا ہے کہ وہ پرانی روایات و اقدار پر چلے یا نئی اقدار و موجودہ زمانے کے ساتھ چلے جس کی وجہ سے وہ تصادم کار منصب میں مبتلا رہتا ہے۔

۴۔ مادی خواہشات:

مال و دولت، کوٹھیاں گاڑیاں اور دوسری خواہشات فرد کو کام کرنے، محنت کرنے پر مجبور کرتی ہیں جس کی وجہ سے فرد اپنے آپ کو نوکری یا کاروبار میں اتنا الجھا لیتا ہے کہ وہ معاشرے سے کٹ جاتا ہے گھر والوں کو اور دوستوں کو وقت نہیں دے پاتا ایسی حالت میں وہ تصادم کا شکار رہتا ہے کہ وہ دوستوں، گھر والوں کو مقررہ وقت دے یا اپنی خواہشات کے حصول کے لئے دن رات ایک کر دے اس طرح کی حالت تصادم کار منصب کو جنم دیتی ہے۔

۵۔ ثقافتی پیچیدگی:

ہماری ثقافت میں مختلف دوسری ثقافتوں سے کئی خصوصیات اور چیزیں اس کا حصہ بن چکی ہیں کہیں اہم اسلامی ہیں، کہیں مغربی تو کہیں انڈین۔ ان حالات میں فرد اپنے آپ کو تصادم کی صورتحال میں محسوس کرتا ہے اور اپنی شناخت میں ہر وقت تصادم کا شکار رہتا ہے۔

۶۔ مذہبی اقدار سے انحراف:

مذہبی اقدار سے منحرف ہونا اور صرف دنیاوی معمولات پر چلنا بھی اس کی ایک وجہ بنتی ہے۔

کارِ منصب میں تصادم کے نتائج
(Results of Role Conflict)

کار منصب کا تصادم ایک معاشرتی مسئلہ ہے اور فرد کے لئے ایک نفسیاتی مسئلہ بھی بطور مسئلہ کے جو انفرادی ہو یا اجتماعی اس کے نتائج حسب ذیل ہیں۔

ا۔ ذہنی پریشانی:

فرد ذہنی طور پر پریشان رہتا ہے۔ اور اپنے آپ کو ہر وقت مصروف سمجھتا ہے۔ جبکہ حقیقی طور پر وہ اتنا مصروف نہیں ہوتا۔

۲۔ معاشرتی انتشار:

یہ تصادم گھریلو ماحول میں انتشار اور دیگر چھوٹے چھوٹے تصادم پیدا کرتا ہے جس میں فرد کا بیوی اور بچوں سے لڑنا اور عزیز و اقارب سے تعاون نہ کرنا شامل ہے۔

۳۔ ذہنی و جسمانی بیماریوں کی وجہ:

یہ تصادم فرد کو اکثر سوچ بچار میں مصروف رکھتا ہے جس سے اس میں بہت سے ذہنی و جسمانی بیماریاں پیدا ہو جاتی ہیں جن میں نزلہ، کھانسی، کبھی کبھی ہلکا بخار وغیرہ شامل ہیں۔ جسمانی طور پر اس کا وزن کم ہو جاتا ہے اور بینائی کمزور پڑنے لگتی ہے۔

۴۔ مزاج میں تیزی:

جب فرد کار منصب کا شکار ہوتا ہے اس میں ضد بھی پیدا ہو جاتی ہے اور مزاج میں تندی اور طبیعت حساس ہو جاتی ہے۔ اس کی مرضی کے خلاف کوئی کام کیا جائے تو سخت پریشانی کا باعث بنتی ہے۔

۵۔ معاشرتی مسائل میں اضافہ:

اس تصادم کے مریضوں میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے جس کی وجہ سے معاشرتی مسائل پیدا ہو رہے ہیں جن میں ایسے مریضوں کے لئے عمرانیات اور سماجی نفسیات کے ماہرین موجود نہیں جو علاج کر سکیں۔

تصادم کار منصب چونکہ معاشرے کی بیماری ہے اس لئے ایک معاشرتی مسئلہ ہے اور اس کا علاج بھی معاشرتی ماحول میں تبدیلی لانے سے ہی کیا جا سکتا ہے جسے ڈاکٹر اپنی زبان میں آرام کرنا کہتے ہیں۔ یعنی اس کا علاج کارہائے منصب سے علیحدگی ہے۔

اہم سوالات

☜ ۱۔ منصب اور کار منصب کی تعریف کریں اور ان میں تعلق واضح کریں۔
۲۔ منصب کی تعریف کریں نیز اس کی اقسام کون کونسی ہیں؟ مثالیں دیجئے۔
☜ ۳۔ کار منصب کا تصادم کیا ہے؟ معاشرتی زندگی پر اس کے اثرات کا جائزہ لیجئے۔
۴۔ تصادم کار منصب کی وجوہات بیان کریں۔

نوٹ: امتحانی نقطہ نگاہ سے اہم سوالات کے سامنے یہ نشان (☜) دیا گیا ہے۔

☆☆☆

www.downloadclassnotes.com

مختصر سوالات وجوابات

☐ درج ذیل سوالات کے مختصر مگر جامع جواب دیں اور کوئی بھی جواب دو یا تین سطروں سے زیادہ نہ ہو۔

-1 منصب سے کیا مراد ہے یا منصب کی تعریف کریں۔

جواب۔ شیفر اور لیم کے بقول:
"منصب سے مراد معاشرہ یا گروہ میں فرد کی تمام مانی (Accepted) ہوئی حیثیتوں (Positions) کے مجموعے کا نام ہے۔"

-2 کار منصب سے کیا مراد ہے؟

جواب۔ کسی منصب سے منصوب کی گئی معاشرتی امیدوں کا نام کار منصب ہے۔ (شیفر اینڈ لیم)

-3 منصب اور کار منصب کا تعلق واضح کریں؟

جواب۔ منصب اور کار منصب ایک دوسرے سے اس طرح تعلق رکھتے ہیں جیسے ایک ورق کے دونوں صفحات۔ یعنی دونوں کو کسی بھی طرح ایک دوسرے سے جدا نہیں کیا جاسکتا۔

-4 پاکستانی معاشرے میں سے کوئی سے دو منصب اور ان کے کار منصب لکھیں۔

جواب۔ دو منصب اور ان کے کار منصب درج ذیل ہیں:

منصب	کار منصب
1-لیکچرار	کالج میں پڑھانا
2-طالب علم	استاد کی عزت کرنا و علم حاصل کرنا

-5 ایک طالب علم کے منصب سے جڑے چار کار منصب لکھیں؟

جواب۔ ایک طالب علم کے منصب سے جڑے کار منصب درج ذیل ہیں:
☆ علم حاصل کرنا۔ ☆ استاد کی عزت کرنا۔
☆ کلاس فیلوز سے حسن سلوک برتنا۔ ☆ کالج کے فلاحی کاموں میں حصہ لینا۔

-6 منصب کی کتنی اقسام ہیں؟

جواب۔ ☆ عطاشدہ منصب ☆ اکتسابی منصب

-7 عطاشدہ منصب یا نسبی منصب سے کیا مراد ہے یا تعریف کریں۔

جواب۔ یہ وہ منصب ہے جو پیدائشی طور پر کسی فرد کو خود بخود حاصل ہوتا ہے فرد اس کے حصول کے لیے کوئی کوشش نہیں کرتا جیسے عمر، جنس، ذات، حسب و نسب، رنگ وغیرہ۔

www.downloadclassnotes.com

8- **عطاشدہ یا نسبی منصب کی دو خصوصیات لکھیں۔**

جواب: ☆ نسبی منصب پیدائشی ہوتا ہے۔
☆ نسبی منصب کے حصول کے لئے وسائل اور محنت درکار نہیں ہوتی۔

9- **عطاشدہ منصب کی کوئی سی تین مثالیں دیں؟**

جواب: ☆ کسی بھی ذات سے تعلق رکھنا جیسے راجپوت' راجہ' سید' جٹ وغیرہ
☆ جنس کا مرد یا عورت ہونا۔ ☆ رنگ کالا یا گورا ہونا۔

10- **اکتسابی یا حاصل کردہ منصب کی تعریف لکھیں۔**

جواب۔ اسے حاصل کردہ یا تحصیلی منصب بھی کہتے ہیں یہ فرد کو اس کی ذاتی کوششوں کے نتیجے میں ملتا ہے اور اس کے حصول کے لیے فرد کو خاص صلاحیتوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ انفرادی صلاحیتوں اور محنت کی بناء پر ہر فرد کو یہ اکتسابی یا تحصیلی منصب حاصل ہوتا ہے۔

11- **اکتسابی منصب کی دو خصوصیات تحریر کریں۔**

جواب۔ ☆ اکتسابی منصب محنت سے حاصل کیا جاتا ہے۔
☆ اکتسابی منصب تاحیات نہیں ہوتا۔

12- **معاشرے سے اکتسابی منصب کی دو مثالیں دیں؟**

جواب: اکتسابی منصب کی مثالیں اس طرح ہیں۔
1- طالب علم کا محنت کرکے فرسٹ ڈویژن حاصل کرنا۔
2- تعلیم مکمل کرنے کے بعد نوکری حاصل کرنا۔

13- **تصادم کار منصب سے کیا مراد ہے؟**

جواب۔ جب کئی کارہائے مناصب جب ایک دوسرے کے خلاف ہوں تو ان میں یہ باہمی تضاد فرد کے ذہن میں الجھن پیدا کرے اور وہ ان کو کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ نہیں کرپاتا تو ایسی صورتحال کو کار منصب کا تصادم کہتے ہیں۔

14- **تصادم کار منصب کی کوئی سی دو وجوہات بتائیں؟**

جواب۔ ☆ معاشرتی تغیر و بلدیاتی زندگی ☆ ثقافتی پیچیدگی

15- **تصادم کار منصب کے دو نتائج بتائیں؟**

جواب۔ ☆ فرد ذہنی پریشانی کا شکار ہو جاتا ہے۔
☆ فرد کے مزاج میں تیزی آجاتی ہے۔

16- **اکتسابی منصب کو متعین کرنے والے دو عناصر لکھیں۔**

جواب۔ ☆ قابلیت و صلاحیت ☆ محنت۔

www.downloadclassnotes.com

17- نسبی منصب کو متعین کرنے والے دو عناصر لکھیں۔

جواب۔ ☆ذات ☆خاندانی حسب ونسب۔

کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)

☐ مندرجہ ذیل میں ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب پر ٹک (✓) کریں۔

1- فرد کا معاشرے میں رتبہ کا حصول کہلاتا ہے؟
(a) گروہ (b) تفاعل (c) درجہ بندی (d) منصب

2- فرد کو منصب کون عطا کرتا ہے؟
(a) معاشرہ (b) عمرانیات (c) نفسیات (d) ان میں کوئی بھی نہیں

3- فرد کو معاشرے میں ادنیٰ سمجھنا کہلاتا ہے؟
(a) منصب (b) تفاعل (c) ذات (d) حرکت پذیری

4- منصب کی عملی شکل کا نام؟
(a) عمل (b) کارمنصب (c) درجہ (d) گروہ

5- معاشرتی توقع کے مطابق کردار انجام دینا؟
(a) کارمنصب کی درست انجام دہی (b) معاشرتی عمل
(c) گروہی زندگی (d) سماجی تفاعل

6- منصب اور کارمنصب ایک دوسرے سے ہیں؟
(a) جدا (b) جڑے ہوئے (c) متصادم (d) ان میں کوئی نہیں

7- منصب کے بدلنے سے فرد کا کارمنصب؟
(a) بدلتا ہے (b) نہیں بدلتا (c) اضافہ ہوتا ہے (d) ان میں سے کوئی نہیں

8- تصادم کارمنصب کیا ہے؟
(a) بیماری (b) معاشرتی مسئلہ (c) معاشرتی حرکت پذیری (d) معاشرتی عمل

9- تصادم کارمنصب کا علاج؟
(a) کارہائے منصب سے علیحدگی (b) کارہائے منصب سے وابستگی
(c) معاشرتی تفاعل (d) شہری زندگی

10- ایک فرد کے پاس کارمنصب ہوتے ہیں؟
(a) دو (b) بہت (c) ایک (d) بالکل نہیں

-11 اکتسابی منصب کے لئے ضروری ہے؟
(a) خاندان (b) ذاتی صلاحیت (c) جنس (d) ذات

-12 حاصل کردہ منصب کونسا نہیں ہے؟
(a) ڈاکٹر (b) استاد (c) مرد (d) شاگرد

-13 اکتسابی منصب کون سا ہے؟
(a) مسلمان (b) سید (c) ڈاکٹر (d) عورت

-14 دیہی معاشرہ میں منصب کو متعین کرنے والا اہم عنصر ہے؟
(a) معمول (b) مستحب (c) ذات (d) لباس

-15 قانونی بحث کرنا' مریض کا علاج کرنا ہیں۔
(a) منصب (b) کارہائے مناصب (c) نسبی منصب (d) کوئی نہیں

-16 شہری معاشرہ میں فرد کی پہچان کا اہم عنصر ہے؟
(a) ذات (b) مذہب (c) رنگ (d) عہدہ

-17 تاحیات قائم رہتا ہے؟
(a) اکتسابی منصب (b) نصبی منصب (c) گروہ (d) کار منصب

-18 حقوق وفرائض کے مجموعے کا نام؟
(a) معاشرتی تفاعل (b) عمرانیات (c) منصب (d) ذات

-19 معاشرہ فرد کو اس کے کردار کے مطابق عطا کرتا ہے؟
(a) ذات (b) ثقافت (c) عصبیت (d) منصب

-20 منصب کی اقسام؟
(a) ذاتی اور ذیلی منصب (b) اکتسابی اور نسبی منصب
(c) ادارتی اور غیر ادارتی منصب (d) شخصی وغیر شخصی منصب

-21 مختلف کارہائے مناصب کا ایک دوسرے سے مختلف ہونا وجہ بنتا ہے؟
(a) تصادم (b) مسابقت (c) تصادم کار منصب (d) منصبی بے ربطی

-22 تصادم کار منصب کی بڑی وجہ؟
(a) صنعتی ترقی (b) معاشرتی تفاعل (c) معاشرتی درجہ بندی (d) ذات

-23 آپس میں مربوط ہیں؟
(a) منصب اور کار منصب (b) تفاعل اور ثقافت
(c) گروہ اور درجہ بندی (d) عمرانیات اور اُردو

-24 کار منصب کے بدلنے سے تبدیل ہو جاتا ہے؟

(a) منصب (b) تفاعل (c) معاشرتی گروہ (d) عصبیت

-25 ذہنی کشمکش کی بڑی وجہ؟

(a) کارمنصب (b) تصادم کارمنصب (c) ثقافتی مرکب (d) منصب

-26 جج کا فیصلہ کرنا ہے؟

(a) منصب (b) کارمنصب (c) گروہ (d) انحراف

-27 دیہی معاشرہ میں منصب میں اہم ہے؟

(a) تعلیم (b) ذات (c) عہدہ (d) خاندان

-28 نسبی منصب کی مثال ہے؟

(a) ذات (b) طالب علم (c) ڈاکٹر (d) انجینئر

-29 منصب کی اقسام کی تعداد؟

2 (a) 3 (b) 4 (c) 5 (d)

-30 معاشرہ میں مانی ہوئی حیثیتوں کا مجموعہ کہلاتا ہے؟

(a) معاشرتی گروہ (b) معاشرتی کردار (c) منصب (d) کارمنصب

-31 طالب علم کون سا منصب ہے؟

(a) نسبی (b) اکتسابی (c) a & b (d) کوئی نہیں

-32 والد اور والدہ کون سے منصب ہیں؟

(a) اکتسابی (b) نسبی (c) ظاہری (d) کوئی نہیں

-33 لفظ status کونسی زبان سے ماخوذ ہے؟

(a) عبرانی (b) انگریزی (c) لاطینی (d) یونانی

جوابات

(d) -1	(a) -2	(a) -3	(b) -4	(a) -5
(b) -6	(a) -7	(b) -8	(a) -9	(b) -10
(b) -11	(c) -12	(c) -13	(c) -14	(b) -15
(d) -16	(b) -17	(c) -18	(d) -19	(b) -20
(c) -21	(a) -22	(a) -23	(a) -24	(b) -25
(b) -26	(b) -27	(a) -28	(a) -29	(c) -30
(b) -31	(b) -32	(c) -33		

☆☆☆

www.downloadclassnotes.com